# بیعت توڑنا کیسا ہے؟

**فتوی نمبر:** WAT-787

**تاریخ اجراء:** 09شوال المکرم1443ھ /11 مئی2022ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

بیعت توڑنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر وہ پیر جامع شرائط نہیں ہیں، تو ان سے بیعت ہونا ہی جائز نہیں تھا، اگر کرلی ہو، تو اسے توڑنا واجب ہے اور اگر وہ پیر جامع شرائط تھے اور اب بھی ہیں، تو یاد رہے کہ بلاوجہ شرعی جامع شرائط پیر کی بیعت توڑنا ازروئے طریقت سخت محرومی کا باعث ہے، طریقت کی کتابوں میں ایسے شخص کے لیے بہت سخت وعیدیں ذکر کی گئی ہیں اور اسے فیض سے محرومی کا سبب کہا گیا ہے۔ اور ازروئے شریعت بھی سخت ممنوع ہے، کہ شرعا احسان کا بدلہ کم از کم شکریہ ادا کرنا ہے، پیر کامل کا مرید ہونے سے آدمی کو اولیاء کے سلسلے کے ساتھ نسبت حاصل ہو جاتی ہے، نیز فیض کا ایک سلسلہ جاری ہوتا ہے اور راہ طریقت کی بہت سی مشکلات حل ہوتی ہیں اور بسا اوقات تو زندگی میں ایک انقلاب برپا ہو جاتا ہے۔ ان سب چیزوں کے مقابلے میں شکریہ ادا کرنے کے بجائے بیعت ہی توڑ دینا یقیناً سخت ناشکری ہے اور ناشکری شرعا ممنوع ہے، نیز جب ایک مرتبہ آدمی کسی پیر کامل کی بیعت ہو جاتا ہے، تو فیض کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے، اگرچہ مرید ناقص کو وہ نظر نہ آئے، تو جب فیض کا سلسلہ شروع ہو چکا، تو اسے برقرار رکھنا چاہیے۔ البتہ اتنا ضرور یاد رہے کہ اگر پیر سے اعتقاد ختم ہو جائے، تو خود بخود بیعت ٹوٹ جاتی ہے اور بیعت ٹوٹنے کے بعد انسان کسی بھی جامع شرائط پیر کا مرید ہو سکتا ہے۔

نوٹ: پیر میں درج ذیل چار شرائط موجود ہوں، تو اسے جامع شرائط کہا جائے گا:

(1) صحیح العقیدہ سنی ہو (۲) اپنی ضرورت کے مسائل جانتا ہو اور مزید پیش آنے پر کتابوں سے نکال سکتا ہو۔ (۳) اس کا سلسلہ باتصالِ صحیح سرکار صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہو (۴) فاسق معلن نہ ہو۔

مرید بننے کے فوائد اور اس بارے میں مزید احکام جاننے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب بنام "آدابِ مرشدِ کامل" کا مطالعہ فرمائیں، جس کا لنک یہ ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/aadab-e-murshid-e-kamil-mukammal-5-hissay

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ**

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

عبدہ المذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net